RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجینسی ریاست رامپور

نمبر ٥ مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۹ جنوری ۱۸۹۴ء مطابق ۲۱ رجب ۱۳۱۱ ہجری جلد ٦

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ	نمبر	نام مضمون	صفحہ
	حکم اجلاس کامل		٦	حکم [illegible] صاحبزادہ [illegible] نسبت [illegible]	٣
١	سو روپیہ تنخواہ میر منشی کو دیجاوے	١		حکم روبکار صاحب سکرٹری بہادر	
	احکام روبکار صاحب [illegible] بہادر		٧	رخصت لالہ مگھن لال پیشکار۔	٣
٢	درباب اخراج چار سو روپیہ [illegible] کرنے بابت کردہ [illegible]۔	٢	٨	[illegible]	٣
٣	مزید رخصت تحصیلدار بلاسپور	٢	٩	[illegible]	٣
٤	پٹواریوں کی تنخواہ سے وضعات [illegible] ہرگز نہ کیجاوے۔	٣	١٠	[illegible]	٣
٥	منہائی ساقط سالانہ از جمع [illegible] بابت کردہ [illegible]	٣	١١	[illegible]	″
			١٢	[illegible]	″
			١٣	[illegible]	″

حکم اجلاس کامل واقع ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء

میر منشی شفیع احمد کو من ابتداے یکم جنوری ۱۸۹۴ء ایک سو روپیہ ماہواری کے حساب سے تنخواہ دیجاوے احکام جاری ہون مثل باجلاس صاحب سکرٹری بہادر کونسل مرسل ہو۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل

حسب تجویز کونسل احکام ضابطہ جاری ہون۔ میر منشی کے نام بھی پروانہ جاری ہو۔ ۲۱ جنوری ۱۸۹۴ء

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

۱۶ جنوری سنہ ۱۹۱۲ع

بملاحظہ رپورٹ نائب تحصیلدار حضور تحصیل معلوم ہوا کہ موضع کرنپور میں رقم کردہ رسد نہیں ہے سوا مبلغ چارسو دس روپیہ کی ۴۱۰ رقم جو نقشہ ہوگئی ہے وہ قابل اخراج ہے لہذا نسبت اخراج رقم احکام اطلاعی حسب ضابطہ جاری ہوں۔

اور درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
رخصت

۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۲ع

عرضی سید علی حیدر تحصیلدار بلاسپور بدر خواست عطائی رخصت مزید یک ہفتہ بوجہ ضعف پیش ہوکر منظور ہوئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۲ع

قبل ازین چند احکام جاری ہو چکے ہین کہ پٹواریوں کی تنخواہ سے وضعات قرضہ نہ کیجاویگی خواہ وہ باہمی تصفیہ سے ہو یا بحکم عدالت لیکن اب ہم دیکھتے ہین کہ پھر وہ طریقہ جاری ہوتا ہے یعنی پٹواریان پر قرض کے دعاوی ہوتے ہین اور خواہ بتصفیہ باہمی یا بحکم عدالت ماہواری قسط وضع ہونیکی درخواست کی جاتی ہے یہ کارروائی ہمارے بالکل پسند نہین ہے جب پٹواری کو تنخواہ نہ ملیگی تو وہ کیا کھاویگا اور اپنے عیال و اطفال کی پرورش کسطرح کریگا مجبوراً یا وہ چوری کریگا یا دوسرے طور پر تلاش معاش مین مصروف ہوکر کار متعلقہ کے انجام دینے مین قاصر رہیگا اور ہمارا کام خراب ہوگا اسواسطے آیندہ جب کسی پٹواری کی درخواست واسطے وضعات ماہواری کے ہوگی تو اوس درخواست پر پٹواری بلا لینے جواب کے صرف اس قصور مین برخاست کردیا جاویگا کہ وہ مقروض ہے اور اپنی معاش کا انتظام ٹھیک نہین کرسکتا۔

لہذا حکم ہوا کہ

نقول روبکار ہذا پاس جملہ تحصیلداران بغرض اطلاع عدہی پٹواریان مرسل ہوں اور تحصیلداران اپنے اپنے پرگنہ کی ایک ایک فہرست اون پٹواریان کی جنکی تنخواہ مین سے قسط ماہواری بابت قرضہ کے وضع ہوتی ہے بھیجدین۔ اور آیندہ کو کسی پٹواری کی تنخواہ سے قسط قرضہ کی خواہ کسی حکم دیوانی سے ہو یا ہمارے حکم سے وضع نکرین اور روبکار درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقعہ ۲۱ جنوری ۱۸۹۴ء

آج یہ کاغذات پیش ہو کر واضح ہوا کہ ہنگام ترتیب نقشہ جات کردہ جو معرفت تحصیلداران مرتب کرائی گئی تہی موضع بہوٹ پرگنہ سوار گنج نقشہ نہین ہوا اور اسیوجہ سے اس گاؤن مین منہائی بہی نہین دیگئی اور مزارعان حسب استغاثہ اونکے موافق تجویز کونسل درس معاف کردیا گیا اور نیز علدرآمد بہی اس معافی کا سال حال سے کیا گیا ہی ایسی حالت مین مستاجر کو بہی منہائی جمع قرین انصاف ہی بحساب اوسط جو تحصیلدار نے نقشہ بہیجا ہے مبلغ ۹۱۰/۱۱ سالانہ ہوتا ہے لہذا ۔

حکم ہوا کہ

کسرات ۱۰/۱۱ پائی چہوڑ دیجاوے اور مبلغ ۹ روپیہ سالانہ جمع منہائی دیجاوے سن ابتدائے ۱۳۰۳ فصلی احکام ضابطہ بنام واصلباقینویس صدر و تحصیلدار جاری ہون اور روبکار درج گزٹ کیا جاوے فقط

دستخط [illegible]

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر
مثبتہ عرضی صاحبزادہ محمد تہور علیخان وغیرہ

دیوانصدر و سررشتہ دار صدر مطلع ہون اور عرضی مع حکم گزٹ مین شائع ہووے ۔ ۲۱ جنوری ۱۸۹۴ء

دستخط [illegible]

عرضی صاحبزادہ محمد تہور علیخان وغیرہ
بعدالت حضور عالیجناب لاالقاب خانبہادر ریونیو ممبر

[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	خلاصہ دعوے	[illegible]
[illegible]	[illegible]	.	.	[illegible]	[illegible]	[illegible]

غریب پرور سلامت ۔ جناب عالی جو کہ میان ہدایت اللہ خان مختار عام ہم فدویان کا ہے وصولیابی تنخواہ ماہواری و بوجہ معافیات تحصیلات مین اور بعدالت نالشات وغیرہ دیگر محکمہ جات ریاست ہذا مین جملہ کارروائی ساختہ پرداختہ اوسکی مثل کردہ ذات ما فدویان ہوتی ہی چونکہ کارروائی مشارالیہ خلاف و مشتبہ پائی لہذا تاسیر مکو مختار کاری عام اپنی سے یکم جنوری ۱۸۹۴ء ہم فدویان نے خارج اور علیحدہ کردیا اسواسطے عرض رسا ہین کہ موقوفی اوسکی سے دیوانصاحب صدر اور تحصیلدار صاحبان اور جملہ محکمہ جات اور دفاتر سرکاری مین باندراج گزٹ آگاہی فرمائیجاوے تاکہ کوئی کارروائی اوسکی بحق ہم فدویان موثر نہووے ۔

اطلاعاً عرض ہے دولت مدام ہے ۔

مہر محمد تہور علیخان | مہر محمد ہدایت اللہ خان عرف سلیمان شکوہ | مہر سماۃ ... بیگم

[illegible]

حکم صاحب سکریٹری بہادر کونسل

رخصت

۲۱ جنوری سنہ ۱۹۴۳ء

عرضی لالہ انگن لال پیشکار اجلاس بدرخواست عطاے رخصت یک ہفتہ بضرورت شادی پسر خود من ابتدای ۲۴ جنوری سنہ ۱۹۴۳ء پیش ہوکر منظور ہوی۔

دستخط
[illegible] ظفر خان

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر کونسل واقع ۲۳ جنوری سنہ ۱۹۴۳ء

چونکہ ایک معاملہ فراشخانہ کا ایسا پیش ہوا ہے جسمین منصرم نے قیمت پچیس دریونکی جمعخرچ مین ڈالکر اور رسید تحویلدار فرضی شامل کرکے پچیس دریونکی قیمت مجرا چاہتے تھے حالانکہ اوسوقت تک چوبیس دریان کارخانہ مین آئین اور یک دری بوجہ نہ تیار ہونے کے آنیسے باقی تہی ایسی فرضی کارروائی سے احتمال نقصان سرکار ہے لہذا یہ کارروائی آئندہ کے لئے قطعی بند کیجائے جملہ منصرمان کو لکہا جائے کہ ہر ایسی خریدشدہ اشیاء کی رسید شمولہ مثل پر اپنے دستخط بہی کیا کرین اور جب تک سپرنٹنڈنٹ کارخانہ ایسی شے اور اوسکا اندراج رجسٹر درآمد برآمد مین خود دیکہکر اوسکی تصدیق نہ لکہا کرین وہ جمعخرچ واسطے مجرائی کے ہمارے اجلاس مین نہ بہیجا کرین بلکہ پیشکار اجلاس ناظر بہی اس تصدیق کو دیکہہ لیا کرین۔

حکم ہوا کہ

بنام جملہ منصرمان کارخانہ و سپرنٹنڈنٹ کارخانجات احکام جاری ہون افسر آڈٹ کو بہی اطلاع دیجائے نقل درج گزٹ ہو اور ایک نقل سررشتہ کے فائل بک مین رہے فقط

دستخط
[illegible] ظفر خان

تصحیح

گزٹ نمبر ۴ مطبوعہ ۲۲ جنوری سنہ ۱۹۴۳ء کے صفحہ اول کالم دو سطر اخیر مین سنہ ۱۹۴۲ء غلط طبع ہوگیا ہے بجائے اوسکے سنہ ۱۹۴۳ء صحیح متصور ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس صاحبزادہ سیکرٹری جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۴ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

دستور العمل میونسپلٹی مندرجہ گزٹ نمبر ۴ مطبوعہ ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء میں غلطی نقل نویس کی وجہ سے بعض بعض جگہہ غلطی واقع ہوئی جسکی وجہ سے عبارت مہمل ہو گئی لہذا

حکم ہوا کہ

فرد تصحیح دستور العمل مذکور جو ہمرشتہ ہے بنا بر اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے تاکہ مضمون دستور العمل کے سمجھنے میں غلطی واقع نہو۔

فرد تصحیح دستور العمل میونسپلٹی مطبوعہ گزٹ نمبری ۴ مطبوعہ ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

نمبر شمار	نمبر صفحہ	نمبر مقام	غلط	صحیح
۱	۲	دفعہ نمبر ۱۲	انتظام	اہتمام
۲	〃	باب سوم	تعین	متعلق
۳	〃	دفعہ ۱۲	لکہہ جایا کریگا	لکہدیا جایا کریگا۔
۴	۳	باب چہارم	تعلق	متعلق
۵	〃	تشریح دفعہ ۱۵	حالور	جانور
۶	〃	〃	بالضرورت خاص	یا بضرورت خاص
۷	〃	دفعہ ۱۹	مستقل	متصل
۸	〃	دفعہ ۲۰	تعفن	متعفن
۹	۴	باب پنجم دفعہ ۳۲ کا نمبر ۶	اور اوسکے طاقت سے	یا اوسکی طاقت کر
۱۰	〃	نمبر ۲	خواہ اون مقامات کے	خواہ بجز اون مقامات کے
۱۱	〃	نمبر ۱۱	اطفال صغیر سن کو جسکی عمر چہ سال سے کم ہو	اطفال صغیر سن کو جنکی عمر چہ سال سے کم ہو۔

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

حکم صاحب جج وڈپٹی ممبر بہادر - واقع ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

ب دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے اور اصل بنا بر تعمیل واپس

روئداد کمیٹی منیوسپل بورڈ تحصیل ٹانڈہ منعقدہ ۱۴ جنوری سنہ ۹۴ء

مولوی محمد ریاض الاسلام صاحب تحصیلدار صدر نشین

منشی علی حسین اہلمد تحصیل سکریٹری کمیٹی

اسماء شرکار جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین
(۱) حکیم شرافت علی خاں صاحب ممبر	(۱) مولوی ارشاد حسین صاحب وکیل ممبر (۲) حاجی نادر شاہ ممبر
(۲) منشی محمد شفیع صاحب محرر صفائی	(۳) لالہ سپاہی لال ممبر - (۴) پنڈت گنگارام ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) نوٹ محرر صفائی جو چہبچے پختہ تیار ہوئے ہیں مالک مکان اونکا پانی صاف نہیں کرتے اور پانی اونکا بہتا ہے اور آمد و رفت میں تکلیف ہوتی ہے اور تعفن پہیلتا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول بآواز دہل منادی کرا دیجاوے کہ مالکان چہبچہ پانی چہبچہ کا اپنے اہتمام سے روزانہ یا حسب ضرورت صاف کرا دیا کریں اگر اس پر بہی تعمیل نکریں تو محرر صفائی رپورٹ پیش کریں اور اوس پر حسب گذارش رپورٹ محرر صفائی فی کس ایک روپیہ جرمانہ کیا جاوے صاحب صدر نشین نے بہی منظور کیا اور ارشاد کیا کہ ممبران حلقہ اپنے اپنے حلقوں کی نگرانی رکہیں۔

ملاحظہ شد ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

۲- نوٹ محمد ارشاد حسین ممبر - بابت بدہ وکلو قصائی اپنی کوٹھری سہند سے نکالکر لب سڑک پر گہورہ اور سینگ وغیرہ جمع کرتے ہیں اوس سے تعفن پہیلتا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول قصابان سے مچلکہ تعدادی دس دس روپیہ کا لیا جائے اور ہدایت کیجاوے کہ وہ گہورہ وغیرہ نہ ڈالیں ورنہ مچلکہ ضبط کیا جاویگا اور ایک محرر صفائی ملازمان صفائی سے اوس مقام کو صاف کرا دیں۔

ملاحظہ شد ۲۲ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

۳- رپورٹ محرر صفائی کیول رام بقال نے اپنا چبوترہ اسقدر	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سکریٹری کمیٹی مع ممبر حلقہ و محرر صفائی موقع کا

بڑھالیا ہے کہ آمد و رفت گاڑیاں میں تکلیف ہے اور مٹی بھی لب سڑک ڈال رکھی ہے۔	پہونچکر تحقیقات کریں کہ یہ چبوترہ کب سے بڑھایا گیا ہے اور کسقدر بڑھایا اور کسقدر قطع ہونا چاہیے بعد تعمیل رپورٹ صاحب صدر نشین کے روبرو پیش کیجاوے۔

ملاحظہ شد ۲۲؍ جنوری ۱۹۴۳ء

۴ - رپورٹ محرر صفائی اکثر مکانات اندرون قصبہ جو لب سڑک واقع ہیں وہ ایام برسات میں منہدم ہوگئے ہیں اونکی مٹی راستہ میں پڑی ہوئی ہے جس سے آمد و رفت میں تکلیف ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ باواز ڈہل منادی کرا دیجاوے کہ مالکان مکانات منہدمہ سے بمیعاد پندرہ یوم اوٹھوا کر راستہ صاف کرا دیں ورنہ منجانب سرکار راستہ صاف کرا دیا جاویگا اور مالکان مکانات سے علاوہ مزدوری کے فی کس دو روپیہ جرمانہ کا لیا جاویگا - صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا اور یہ ارشاد کیا کہ محرر صفائی و ممبران حلقہ تعمیل نوٹ ہذا کی نگرانی رکھیں اور بعد انقضاے میعاد معینہ ہر ایک ممبر رپورٹ واقعی پیش کریں

ملاحظہ شد ۲۲؍ جنوری ۱۹۴۳ء

۵ - محرر صفائی نے عرضی بیوہ عبد اللہ بدین مراد پیش کی کہ بیوہ عبد اللہ نے بلا اجازت سرکار اپنی دوکان تعمیر کر لی اور بعد تعمیر عرضی اجازت گذرانی جو پیش کرتا ہوں۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بیوہ عبد اللہ پر جو خوش حال ہے دو روپیہ جرمانہ بوجہ عدم حصول اجازت تعمیر دوکان کیا جاوے اور رپورٹ بنا بر منظوری جرمانہ ہمراہ روئداد ہذا باجلاس صاحب ڈپٹی ممبر بہادر بھیجی جاوے۔

علیحدہ رپورٹ آنے پر حکم مناسب صادر ہوگا - ۲۲؍ جنوری ۱۹۴۳ء

یادداشت سر رشتہ پولیس اسٹیٹ رامپور — واقع ۲۰ جنوری ۱۸۹۴ء

آج محمد عنایت حسین خان ومساۃ نیازی بیگم نے درخواست بدین مضمون گذرانی کہ جو شخص سراغرسانی و پتہ رسانی کر کے مال مسروقہ ہمارا برآمد کرا دیگا اوسکو بشرط برآمدگی کل اسباب مبلغ پانسو روپیہ بطور انعام کے دینگے اور اگر کچھ کم برآمد ہوگا تو بحساب تقسیم ادا کرینگے۔ لہذا حکم ہوا کہ یادداشت مع فہرست مال مسروقہ خدمت میں سر رشتہ دار صاحب صدر کے بھیجکر لکھا جاوے کہ فہرست مرسلہ کو مع تعداد انعام درج گزٹ کرا دیں

فہرست مال مسروقہ ازآن عنایت حسین خان ولد عنایت رسول خان سکنہ محلہ کمیدان

چھپکلی طلائی سفید نگینہ جڑے ہوئے موتی صادق پڑے ہوئے مینا کیا ہوا بیچ میں چکی جڑاؤ سرخ ذرہ ریشم کی بنی ہوئی ساخت رامپور	پہونچی طلائی گول دانے کی منقش سرخ ذورہ میں پوئی ہوئی یک جوڑی ساخت رام پور	جگنو طلائی خام جڑاؤ بلا ذورہ سفید نگ جڑے ہوئے ساخت رام پور یک	جھومکہ طلائی سفید نگ جڑے ہوئے بیچ میں جہو کیان موتی صادق کی لگی ہوئی میناکاری ساخت رامپور یک جوڑی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	ما ر
پہونچیاں طلائی گول دانہ کی منقش تین لڑی ہر لڑی میں دس دانہ و دو گھنڈی جڑاؤ سفید لگی ہوئی یکجوڑی	جگنو طلائی جڑاؤ سفید نگ پختہ جڑے ہوئے چہ چہ لڑ موتیوں کی پڑی ہوئی ساخت رامپور ایک	بالی پتہ طلائی ساخت رامپور س عدد	انتیان طلائی موتی کاذب پڑے ہوئے ساخت رامپور
ما ر	ما ر	[illegible]	[illegible]
تعویذ سر طلائی تو تڑی کے موتی صادق پڑے ہوئے ساخت رامپور یکجوڑی	بالی پتہ طلائی موتی کاذب پڑے ہوئے ساخت رام پور عدد	جوشن طلائی چہ چہ گنڈہ پڑے ہوئے سادہ سیاہ ڈوری میں پوئے ہوئے یکجوڑی	ٹیکہ طلائی موتی صادق کلاں پڑے ہوئے یکعدد
ما ر	[illegible]	[illegible]	ما ر
آرسی طلائی جڑاؤ سفید نگ جڑے ہوئے یکعدد	انگوٹھی طلائی جسمین ہیرا خورد جڑا ہوا یکعدد	انگوٹھی طلائی جسمین سبز فیروزہ لگا ہوا ادہر ادہر سرخ نگ جڑے ہوئے یکعدد	جہانجن نقرہ منقش باجا پڑا ہوا دو جوڑی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
پازیب نقرہ گھونگرو گنڈہ کی پڑے ہوئے دو جوڑی	کڑہ نقرہ گول سادہ با گھنڈی یکجوڑی	چوڑیاں نقرہ گوکھرو کی ۴ عدد	آرسی نقرہ آئینہ لگی ہوئی جڑاؤ ساخت رامپور دو عدد
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
انگوٹھی چھلہ نقرہ بعضے چاندی وغیرہ	حمیل نقرہ تعویذوں کی جسمین چہ چہار دانگ کو ٹھیا	حمیل نقرہ جسمین ناخن شیر کا ہو یکعدد	کہریاں نقرہ سادہ گھونگرو لگی ہوئی ذورہ سرخ یکجوڑی
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
ذریاں نقرہ سادہ یکجوڑی	نونگہ نقرہ سفید جڑے ہوئے سرخ ذورہ میں یکجوڑی	نقد منشت سکے	نقد محمود تہیلی پارچہ ہتھوڑہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
دو لائی نیٹوں اوپر تن زیب ۲ عدد	دو لائی درلیس اوپر تن زیب یک	انگرکھہ کہنہ تنزیب ۱۱ عدد	انگرکھہ کہنہ مینو ادہر تنزیب یکعدد
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

انگرکھہ چکن بوٹہ دار بیلدار یعنی بیل لگی ہوئی دو عدد	کورتہ چکن بیلدار ایک	کورتہ خاصہ ایک	دوپٹہ زنانہ چکن کا دو عدد	رومال چکن ایک	
واسکٹ خاصہ	کوٹ خاصہ ایک	کلاہ دوپلی چکن وغیرہ ۸ عدد	کلاہ دوپلی کامدار پانچ عدد	کورتہ ڈوریہ ایک	پاجامہ خاصہ ایک / تہبند سرخ ایک
دوہر چھینٹ ایک	ساٹن کلاس ۲ گز	ہمیانی پارچہ گاڑھہ	گٹھری سُتری بوسیدہ ایک	انگرکھہ لٹہ ایک	انگرکھہ خاصہ / انگرکھہ مینو اور پرتیبا ایک / جاکٹ خاصہ ایک
کورتہ چھینٹ دھاریدار سرخ	صدری مخمل کہنہ	رومال سرخ و سفید دو عدد	لنگی برنگ سیاہ	کلاہ گول ریشم کے کام کی سفید ایک	کمربند پارچہ / تولیا / پٹکا سفید ایک
پاجامہ خاصہ	کورتہ فلالین سرخ دھاریدار	جاکٹ خاصہ	رومال نگین دستی	کمربند پارچہ / پوستین کہنہ	کاغذات بیعنامہ وغیرہ بلا قیمت / صدری زربفت ایک
صدری گرنٹ سفید	صدری مخمل	صدری اطلس سبز	صدری اطلس بیلدار	پاجامہ ساٹن ڈوریہ / ڈوری سوتی	صندوق سبز رنگ / ڈبیا چوبی ساخت پنجاب دو عدد
ڈبیا ٹین	ڈبیا ٹین دو عدد	صندوق چوبی شیشم	کنٹھہ جگنو طلائی	دیگچی مسی / قطبی پاندان مسی	کنگھی ربڑ / میزان

تفصیل مال مسروقہ از آن محمد رضا خان ولد نصر اللہ خان سکنہ مکان مدعی

کنٹھہ طلائی ہشت پہلو	پہونچی طلائی فی پہونچی ۳۰ دانہ سرخ ڈورہ میں پوئی ہوئی	کرن پھول طلائی مع جھومکہ جڑاؤ	آرسی طلائی جڑاؤ فیروزہ جڑی ہوئی شیشہ لگا ہوا	
بجلیاں طلائی مع پتہ	بالیاں مع پتہ طلائی	جگنو طلائی سیاہ ڈورہ میں پوئی ہوئی	جوشن طلائی سیاہ ڈورہ میں پوئی ہوئی	
جھومر طلائی	تعویذ طلائی سر کے	پتہ طلائی	بولاق طلائی لڑکی کا	جھومکا جڑاؤ نقرہ / ہار نقرہ
لونگ نقرہ	[illegible]	چوڑیاں پاؤں کی	پازیب	[illegible]
چھپکا نقرہ مع موتی	[illegible]	چھلے پاؤں کے	نقد	میزان / میزان کل

نقشہ حیات وممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۱ر لغایت ۲۸ر جنوری سنہ ۹۴ع

نام تحصیل	تفصیل پیدائش							تفصیل موتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل حسب مذہب		ایکسال سے ۵ سال تک		۶ سال سے ۱۲ سال تک		۱۳ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل حسب مذہب							
	مسلمان	ہنود	مسلمان	ہنود		مسلمان	ہنود	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہنود	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	میزان	
شہر رامپور	۲۱	۸	۱۶	۱	۴۶	۳۷	۹	۴	۳	۲	۱	۱۵	۸	۲۱	۱۳	۳۸	۶	۰	۰	۲	۳۲	۳۴	۰
شاہ آباد	۱۰	۲۲	۸	۳۳	۶۳	۱۸	۴۵	۱۴	۶	۶	۹	۹	۵	۲۸	۳۰	۱۰	۳۸	۰	۰	۳۰	۱۸	۴۸	۰
ملک	۳	۱۰	۱	۸	۲۲	۴	۱۸	۰	۰	۰	۰	۵	۵	۵	۵	۶	۴	۰	۰	۵	۵	۱۰	۰
سوار	۲	۳	۰	۶	۱۱	۲	۹	۲	۳	۰	۰	۵	۶	۷	۹	۶	۱۰	۰	-	-	۱۶	۱۶	۰
بلاسپور	۱	۸	۱	۹	۱۹	۲	۱۷	۱	۲	۲	۰	۸	۵	۱۱	۷	۸	۱۰	۰	۰	۰	۱۸	۱۸	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہ آیا
میزان	۳۷	۵۱	۲۶	۴۷	۱۶۱	۶۳	۹۸	۲۰	۱۵	۱۲	۱۰	۲۲	۲۹	۴۲	۵۴	۵۸	۶۸	۰	۰	۳۷	۸۹	۱۲۶	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۱ر لغایت ۲۸ر جنوری سنہ ۱۸۹۴ع

نام جنس	حضور تحصیل	تحصیل شاہ آباد	تحصیل ملک	تحصیل بلاسپور	تحصیل سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گیہوں	۱۵ ار	۱۴ ار	-	۱۶ ار	۰	۱۵ ار	تحصیل ملک وسوار سے نقشہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۲۱ ۰ ار	۲۰ ار	۰	۲۱ ار	-	۲۰ ۰ ار	
نخود آمیز	۲۵ ۰ ار	۲۱ ار	۰	۲۵ ار	۰	۰	
[illegible]	۲۷ ۰ ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۱۹ ار	۱۶ ار	۰	۰	۰	۱۷ ار	
مونگ	۱۹ ار	۱۸ ار	۰	۰	۰	۱۸ ار	
منکا	۲۷ ۰ ار	۳۳ ار	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ ار	۳۰ ار	۰	۰	۰	۰	
عدس	۱۱ ار	۱۸ ار	۰	۰	۰	۰	
برنج [illegible]	۲۵ ار	۰	۰	۳۰ ار	۰	۲۰ ار	
[illegible]	۰	۱۶ ار	۰	۱۲ ار	۰	۲۰ ار	
[illegible]	۱۲ ار	۲۳ ۰ ار	۰	۱۲ ار	۰	۱۰ ار	
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۰	[illegible]	۰	۱ ار	
روغن [illegible] سیاہ	[illegible]	[illegible]	۰	۳ ۰ ار	۰	۳ ار	
روغن [illegible]	[illegible]	۳ ار	۰	۰	۰	۲ ۰ ار	
[illegible]	[illegible]	۷ ار	۰	۷ ۰ ار	۰	۸ ار	
نمک [illegible]	۷ ار	۹ ار	۰	۰	۰	۷ ار	
قند سیاہ	۱۳ ار	۱۱ ار	۰	۱۳ ار	۰	۱۱ ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور